Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

DUA · HER LIFE

Marriage

عقد (شادی)

From the moment the radiant sun, al-Zahra (pbuh), appeared from the heaven of Prophethood and then reached perfection upon the horizon of majesty and greatness, all eyes and concerns were drawn toward her. The companions of the Prophet, being fully aware of her lofty status and importance, sent proposals of marriage to the door of Prophethood, yet each time the Prophet would defer the matter. Determining true compatibility (kufw) is not an ordinary task; rather, it is something that human beings are incapable of fully comprehending. Only the One who is aware of the innermost secrets of souls knows who is compatible with whom, and who among creation is truly equal to another. In this regard, the selection of Lady Fatima (pbuh) for the Commander of the Faithful was a divine choice. For al-Zahra, both her husband and her equal were chosen by Allah Himself. The sermon of this heavenly marriage was recited by the Lord, and the witnesses to this sacred union were the Messenger of Allah, Jibraeel (Gabriel) (pbuh), and the angels themselves. Due to ignorance of her true rank and station, individuals such as Umar and Abu Bakr sent proposals of marriage. However, in response to all of them, the Prophet of Islam (pbuh) would say: “Fatimah is the bondswoman of Allah; I have no authority in this matter. Only Allah, the Most Holy, knows who is worthy and equal to al-Zahra.” The Sixth Imam (peace be upon him) said: “Had the Commander of the Faithful (Ali) not married her, there would have been no one equal to her on the face of the earth from Adam (pbuh) until the Day of Resurrection.”

جب سے آسمان رسالت سے خورشید رخ "زہرا" نمودار ہوا اور پھر جلالت و عظمت کے افق پر کامل ہوا، تو تمام لوگوں کی فکریں اور نگاہیں آپ کی طرف تھیں۔ اصحاب پیغمبر چونکہ آپ کی اہمیت سے واقف تھے اور جانتے تھے اس لئے دروازہ رسالت پر شادی کے پیغام بھیجے، لیکن پیغمبر ہر بار ٹال جاتے تھے۔ کفو کی تشخیص کوئی معمولی کام نہیں بلکہ انسان اس کو سمجھنے سے عاجز ہے فقط وہ ذات جو لوگوں کے ضمیروں سے آگاہ ہے جانتا ہے کہ کون کس کا کفو ہے اور موجودات عالم میں کون کس کے برابر ہے۔ اس حوالے سے حضرت فاطمہ کا انتخاب امیر المومنین کے لئے ایک الٰہی انتخاب ہے، زہرا کیلئے شوہر اور کفو خود ذات احدیت نے چنا، اس آسمانی نکاح کا خطبہ خود پروردگار نے پڑھا، اور اس ازدواج مقدس کے گواہ ذات پیغمبر گرامی اور حضرت جبرئیل اور خود فرشتے ہیں۔ آپ کے مقام و مرتبہ سے جہالت اور ناواقفی کی وجہ سے عمر اور ابوبکر جیسے لوگ رشتے کے پیغام بھیجتے تھے۔ لیکن پیغمبر اسلامؐ سب کے جواب میں یوں فرماتے کہ فاطمہ کنیز خدا ہے۔ لہذا میں اس میں کسی قسم کا اختیار نہیں رکھتا، تنہا خداوند قدوس جانتا ہے کہ زہرا کیلئے کفو اور ہمسر کون ہے۔ چھٹے امام فرماتے ہیں۔ لو لا ان امیر المومنین تزوجھا لما کان لہا کفو الی یوم القیامۃ علی وجہ الارض ادم فمن دونہ ترجمہ: اگر حضرت علی علیہ السلام حضرت زہرا سے عقد نہ کرتے تو حضرت آدم سے لے کر قیامت تک آنحضرتؐ کے لئے کفو پیدا نہ ہوتا۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

Printed from https://fzic.org/library/dua/marriage-3660 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.